بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسئلہ ترک رفع الیدین فی الصلوۃ

از افادات: متکلمِ اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

مذہب اہل السنت والجماعت احناف:

نماز پنجگانہ شروع کرتے وقت صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جائے، اس کے علاوہ باقی پوری نماز میں نہ کیا جائے۔ رکوع کو جاتے ہوئے اور رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے رفع یدین کرنا خلاف سنت ہے۔

(بدائع الصنائع ج1 ص208 فَصْلٌ وَأَمَّا سُنَنُهَا فَكَثِيرَةٌ، فتاویٰ عالمگیری ج1 ص72 الْفَصْلُ الثَّالِثُ فِي سُنَنِ الصَّلَاةِ وَآدَابِهَا وَكَيْفِيَّتِهَا)

مذہب غیر مقلدین:

نماز شروع کرتے ہوئے تکبیر تحریمہ کے وقت، رکوع کو جاتے ہوئے، رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے اور تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین کرنا فرض یا واجب ہے۔

(رفع یدین فرض ہے از مسعود احمد غیر مقلد، فتاوی رفیقیہ از محمد رفیق پسروری حصہ چہارم ص153، مسئلہ رفع یدین از پروفیسر عبد اللہ، اثبات رفع یدین از خالد گھر جاکھی، نور العینین از زبیر علی زئی، مجموعہ مقالات پر سلفی تحقیقی جائزہ از رئیس ندوی غیر مقلد ص246)

دلائل اہل السنۃ والجماعۃ احناف

قرآن مع التفسیر

قال اللہ تعالیٰ: قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ ۔ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ۔ (سورۃ المؤمنون:1،2)

تفسیر نمبر1:

قال الامام ابو طاھر محمد بن یعقوب الفیروز آبادی: اخبرنا عبد اللہ الثقۃ ابن المامور الھِرَوِی قال اخبرنا ابی قال اخبرنا ابو عبد اللہ قال اخبرنا ابو عبید اللہ محمود بن محمد الرازی قال اخبرنا عمار بن عبد المجید الھِرَوِی قال اخبرنا علی بن إسحاق السمرقندی عن محمد بن مروان عن الکلبی عن أبی صالح عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال : { الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ} مخبتون متواضعون لایلتفتون یمینا ولاشمالا ولا یرفعون ایدیھم فی الصلاۃ.(تفسیر ابن عباس ص212)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ تفسیر ابن عباس کی سند میں محمد بن مروان السدی، محمد بن سائب الکلبی اور ابو صالح باذام سخت ضعیف ہیں۔

جواب:

ایسا ممکن ہے کہ ایک آدمی ایک فن میں ماہر اور ثقہ نہ ہو لیکن دوسرے فن کا امام ہو۔ اسی حقیقت کے پیش نظر محدثین نے یہ اصول بیان کیا ہے کہ بعض ائمہ فن حدیث میں تو ناقابل اعتبار ہیں لیکن فن تفسیر میں ان کی روایات قابل قبول ہوتی ہیں۔ مثلاً۔۔۔

قال الامام البیھقی : قال یحیی بن سعید یعنی القطان تساھلوا فی التفسیر عن قوم لایوثقونھم فی الحدیث ثم ذکر لیث بن ابی سلیم و جُوَيْبِرِ بن سعید والضحاك ومحمد بن السائب یعنی الکلبی وقال ھولاء لایحمد حدیثھم ویکتب التفسیر عنھم۔ (دلائل النبوۃ للبیہقی ج1 ص33، میزان الاعتدال للذہبی ج1 ص391 فی ترجمۃ جویبر بن سعید، التہذیب لابن حجر ج1 ص398 ترجمۃ جویبر بن سعید)

مذکورہ روات کا تذکرہ ائمہ نے مفسرین کے طور پر کیا ہے لہذا اصولی طور ان کی تفسیری روایات مقبول ہیں، رہا ان پر کلام تو وہ فن حدیث کے بارے میں ہے۔ ائمہ کرام کی تصریحات ان روات کے بارے میں ملاحظہ ہوں۔

محمد بن مروان السدی:

1: قال الامام بدر الدین محمود بن أحمد العینی: وصاحب التفسیر، محمد بن مروان الکوفی وهو أیضًا یعرف بالسدی

(مغانی الأخیار فی شرح أسامی رجال معانی الآثار أبی محمد للغیتابی ج3 ص416)

2: قال الحافظ ابن حجر العسقلانی: محمد بن مروان بن عبد الله بن إسماعیل الکوفی السدی الصغیر صاحب التفسیر عن محمد بن السائب الکلبی۔ (لسان المیزان لابن حجر ج7 ص375)

3: قال الامام عبد الحی بن أحمد العکری الدمشقی: محمد بن مروان السدی الصغیر الکوفی المفسر صاحب الکلبی

(شذرات الذهب لعبد الحي العکري ج1 ص318)

محمد بن السائب الکلبی:

1: قال الامام ابن عدی: [محمد بن سائب الکلبی] وهو رجل معروف بالتفسیر ... وحدث عن الکلبی الثوریُّ وشعبةُ ... ورضُوْه بالتفسیر (الکامل لابن عدی ج6 ص2132)

2: قال الذهبی: محمد بن السائب الکلبی، أبو النضر الکوفی المفسر النسابة الاخباری. (میزان الاعتدال ج3 ص556)

3: قال الحافظ ابن حجر العسقلانی: وهو معروف بالتفسیر ولیس لاحد أطولُ من تفسیره وحدث عنه ثقاتٌ من الناس ورضُوْه فی التفسیر. (تهذیب التهذیب ج9 ص157)

ابو صالح باذام:

1: قال العِجلی: باذام أبو صالح روی عنه إسماعیل بن أبی خالد فی التفسیر، ثقةٌ وهو مولی أم هانئ۔ (معرفة الثقات للعجلي ج1 ص242)

2: قال یحیی بن سعید: لم ار احدا من اصحابنا ترك اباصالح مولی ام هانئ لاشعبة ولا زائدة. (الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم: ج1 ص135)

لہذا ان روات پر اعتراض باطل ہے۔

تفسیر نمبر2:

قال الحسن البصری رحمه الله: خاشعون الذین لایرفعون ایدیهم فی الصلوة الا فی التکبیرة الاولی۔ (تفسیر السمرقندی ج2 ص408)

احادیث مبارکہ:

احادیث مرفوعہ:

دلیل نمبر1:

قال الامام الدارقطنی م385ھ: [رَوى عَبد الرَّحِيمِ بن سُلَيمان عَن أَبِي بَكرٍ النَّهشَلِيّ عَن عاصِمِ بنِ كُلَيبٍ، عَن أَبِيه] عَن عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيه وسَلم: أَنَّهُ كان يَرفَعُ يَدَيهِ فِي أَوَّلِ الصَّلاَةِ ثُمّ لا يَعُودُ.

اسنادہ صحیح ورواته ثقاة

(کتاب العلل للدارقطنی ج4 ص106 سوال 457)

اعتراض:

یہ حدیث مرفوع نہیں ہے کیونکہ امام دارقطنی نے اسے نقل کر کے فرمایا ہے: وَخالَفَهُ [عَبدَ الرَّحِيمِ بن سُلَيمان] جَماعَةٌ مِن

الثِّقاتِ... فَرَووهُ عَن أَبِي بَكرٍ النَّهشَلِيِّ مَوقُوفًا عَلَى عَلِيٍّ. (کتاب العلل للدار قطنی ج4ص106 سوال457)

جواب نمبر1:

اس حدیث کو مرفوع بیان کرنے والے امام عبد الرحیم بن سلیمان ہیں۔ آپ صحیحین اور سنن اربعہ کے ثقہ راوی ہیں۔(تقریب التہذیب:ص354)

ان کا اس روایت کو مرفوع بیان کرنا ایک زیادت ہے اور جمہور فقہاء و محدثین کے نزدیک ثقہ کی زیادتی مقبول ہے؛

1:والزیادۃ مقبولۃ.(صحیح البخاری ج1ص201 باب العشر فیما یسقی من ماء السماء والماء الجاری)

2:أن الزیادۃ من الثقۃ مقبولۃ(المستدرک علی الصحیحین للحاکم ج1ص307 کتاب العلم)

جواب نمبر2:

اگر حدیث کے موقوف اور مرفوع ہونے میں اختلاف ہو جائے تو فقہاء اور محدثین خصوصا امام بخاری اور امام مسلم رحمہا اللہ کے نزدیک حدیث مرفوع قرار دی جاتی ہے۔

قال الامام النووی: والصحیح طریقۃ الاصولیین والفقہاء و البخاری ومسلم و محققی المحدثین انہ یحکم بالرفع والاتصال لانہا زیادۃ ثقۃ (شرح مسلم للنووی ج1ص282،256)

حدیث علی رضی اللہ عنہ مرفوع ہے اور یہ اعتراض باطل ہے۔

دلیل نمبر2:

روی الامام الحافظ المحدث أحمد بن شعیب أبو عبد الرحمن النسائی م303ہ:قال أخبرنا سوید بن نصر حدثنا عبد اللہ بن المبارک عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبد الرحمن بن الأسود عن علقمۃ عن عبد اللہ قال ألا أخبرکم بصلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: فقام فرفع یدیہ أول مرۃ ثم لم یعد

تحقیق السند: اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم

(سنن النسائی ج1ص158 باب ترک ذلک، السنن الکبری للنسائی ج1ص351،350 رقم1099 باب ترک ذالک)

دلیل نمبر3:

روی الامام الحافظ المحدث أحمد بن شعیب أبو عبد الرحمن النسائی م303ہ: قال اخبرنا محمود بن غیلان المروزی حدثنا وکیع حدثنا سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمۃ عن عبداللہ انہ قال الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ الامرۃ واحدۃ.

تحقیق السند: اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم

(سنن النسائی ج1ص162،161 باب الرخصۃ فی ترک ذلک، السنن الکبری للنسائی ص221 رقم645 باب الرخصۃ فی ترک ذلک)

دلیل نمبر4:

روی الامام أبو عیسی محمد بن عیسی الترمذی م279ہ قال :حدثنا ہنادنا وکیع عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمۃ قال قال عبداللہ بن مسعو د رضی اللہ عنہ: الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ

قال [ابوعیسی] وفی الباب عن البراء بن عازب

قال ابوعیسی حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ،حدیث حسن وبہ یقول غیر واحد من اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ

وسلم والتابعین وھو قول سفیان [الثوری] واھل الکوفۃ۔

تحقیق السند: اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم تغلیباً۔ (جامع الترمذی ج1 ص59 باب رفع الیدین عند الرکوع)

وفی نسخۃ الشیخ صالح بن عبد العزیز ص71 باب ماجاء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یرفع الا فی اول مرۃ رقم الحدیث 257 ، مختصر الاحکام للطوسی ص109 رقم 218 طبع مکۃ مکرمۃ و فی سنن ابی داؤد ج1 ص116 باب من لم یذکر الرفع عندالرکوع

اعتراض نمبر 1 :

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ ثابت نہیں ہے کیونکہ اس کے بارے میں امام عبد اللہ بن مبارک نے فرمایا:

قد ثبت حدیث من یرفع یدیہ وذکر حدیث الزھری عن سالم عن أبیہ ولم یثبت حدیث ابن مسعود أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یرفع [یدیہ] إلا فی أول مرۃ (جامع الترمذی ج1 ص59 باب رفع الیدین عند الرکوع) کہ یہ حدیث ثابت نہیں۔

جواب نمبر 1:

حدیث ابن مسعود کے تمام روات ثقہ ہیں۔ اس کے بارے میں امام عبد اللہ بن مبارک رحمہ اللہ کی یہ جرح غیر مفسر اور غیر مبین السبب ہے۔ اصول حدیث کے اعتبار سے ایسی جرح قابل قبول نہیں۔

1: لا یقبل الجرح الا مفسرا (الکفایہ فی علم الروایۃ للخطیب ص:101)

2: إذا کان الجرح غیر مفسر السبب فإنہ لا یعمل بہ (صیانۃ صحیح مسلم لابن الصلاح ص96)

3: ولا یقال إن الجرح مقدم علی التعدیل لأن ذلک فیما إذا کان الجرح ثابتا مفسر السبب وإلا فلا یقبل الجرح إذا لم یکن کذلک

(توجیہ النظر إلی أصول الأثر لطاھر الجزائري ج2 ص550)

جواب نمبر 2:

حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مختلف الفاظ سے مروی ہے۔

1: عن عبد اللہ قال ألا أخبرکم بصلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: فقام فرفع یدیہ أول مرۃ ثم لم یعد،

(سنن النسائی ج1 ص158 باب ترک ذلک)

2: قال عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ

(جامع الترمذی ج1 ص59 باب رفع الیدین عند الرکوع)

3: عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم: أنہ کان یرفع یدیہ فی أول تکبیرۃ ثم لا یعود

(سنن الطحاوی ج1 ص162 باب التکبیر للرکوع والتکبیر للسجود والرفع من الرکوع)

حدیث کے وہ الفاظ جو امام ابن مبارک کی جرح میں مذکور ہیں وہ سنن طحاوی کی روایت سے ملتے جلتے ہیں، باقی روایات سے اس جرح کا کوئی تعلق نہیں۔ رہی یہ جرح تو اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ امام ابن مبارک نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی جس حدیث کو روایت کیا ہے (سنن النسائی ج1 ص158 باب ترک ذلک) اس میں یہ ذکر ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز کا نقشہ لوگوں کو پڑھ کر دکھایا، لیکن سنن طحاوی میں نماز کا نقشہ نہیں صرف زبانی بیان کیا گیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی مرتبہ رفع یدین کرتے تھے بعد میں نہیں کرتے تھے۔ چونکہ ابن مبارک رحمہ اللہ نے یہ روایت اس طرح سنی تھی (یعنی ابن مسعود کے عمل کے ساتھ) اس لیے اس حدیث پر اعتراض کر دیا جو حضرت ابن مسعود رضی اللہ سے قولا مروی ہے۔ حقیقتا دیکھا جائے تو یہ اعتراض بنتا نہیں۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

نماز پڑھ کر دکھانے اور اس کو زبانی بیان کرنے میں کوئی تضاد نہیں، اس لیے کہ یہ ممکن ہے کہ راوی ایک مرتبہ حدیث کو عملا بیان کرے اور دوسری مرتبہ اسے قولا بیان کر دے، یہ حدیث کے غیر ثابت ہونے کی دلیل نہیں۔

جواب نمبر 3:

بالفرض یہ جرح اگر فعلی روایت پر بھی ہو تو ہم کہتے ہیں کہ امام عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے اس اعتراض کو نقل کرنے والے ان کے شاگرد سفیان بن عبد الملک المروزی ہیں۔ (جامع الترمذی ج1 ص59 باب رفع الیدین عند الرکوع)

اور یہ آپ کے بڑے شاگردوں میں سے ہیں جیسا کہ علامہ ابن حجر رحمہ اللہ نے تصریح کی ہے:

من کبار اصحاب ابن المبارك (تقریب التہذیب لابن حجر ص:278)

لیکن ان کے ایک اور شاگرد سوید بن نصر المروزی نے اسی حدیث کو آپ ہی سے بلا اعتراض نقل کیا ہے۔ (سنن النسائی ج1 ص158 باب ترک ذلک)

اور یہ آپ کے آخری عمر کے شاگرد ہیں جیسا کہ علامہ ابن حجر رحمہ اللہ نے تصریح کی ہے:

کان راویة ابن المبارك (تہذیب التہذیب لابن حجر ج:3، ص:110)

معلوم ہوا کہ یہ اشکال آپ کو اول عمر میں تھا جسے آپ نے اپنے قدیمی شاگردوں کو نقل کرایا تھا لیکن آخر عمر میں جب آپ نے امام سفیان ثوری رحمہ اللہ سے یہ روایت سنی تو اپنے صغیر شاگرد سوید بن نصر المروزی کو بلا اعتراض املاء کرائی جیسا کہ سنن النسائی (ج:1 ص:157) میں یہ حدیث بلا اعتراض موجود ہے معلوم ہوا کہ آپ نے اس اعتراض سے رجوع فرمالیا تھا۔

جواب نمبر 4:

اس حدیث کو کئی شمار فقہاء اور محدثین نے صحیح اور حسن قرار دیا ہے۔

1: امام ترمذی م279ھ: حسن۔۔ وفی نسخة: حسن صحیح (جامع الترمذی ج1 ص159، شرح سنن ابی داؤد ج2 ص346)

2: امام دار قطنی م385ھ: اسنادہ صحیح (کتاب العلل للدار قطنی ج5 ص172 سوال 804)

3: امام ابن حزم م456ھ: صَحَّ خَبَرُ ابْنِ مَسْعُودٍ (المحلی بالآثار ج2 ص578)

4: امام ابن القطان الفاسی م628ھ: والحدیث عندی -لعدالة رواته- أقرب إلی الصحة (بیان الوھم والإیھام للفاسی ج5 ص367)

5: امام زیلعی م762ھ: والرجوع الی صحة الحدیث لوروده عن الثقات (نصب الرایہ للزیلعی ج1 ص396)

6: امام عینی م855ھ: قد صح (شرح سنن ابی داؤد ج2 ص346)

7: علامہ محمد انور شاہ کشمیری م1350ھ: رواہ الثلاثة وھو حدیث صحیح۔ (نیل الفرقدین ص56)

حتی کہ مشہور غیر مقلدین نے بھی اس کے صحیح ہونے کی تصریح کی ہے:

1: احمد شاکر المصری غیر مقلد: الحق انه حدیث صحیح و اسنادہ صحیح علی شرط مسلم (شرح الترمذی ج2 ص43)

2: ناصر الدین البانی: والحق انه حدیث صحیح و اسنادہ صحیح علی شرط مسلم (مشکوۃ المصابیح بتحقیق الالبانی ج1 ص254)

لہذا حدیث بالکل صحیح اور ثابت ہے۔

اعتراض نمبر 2:

حدیث ابن مسعود صحیح نہیں ہے کیونکہ اس پر امام ابو داؤد نے اعتراض کیا ہے: قال ابو داؤد: ھذا حدیث مختصر من حدیث طویل ولیس ھو بصحیح علی ھذا اللفظ (ابو داؤد ص117 باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع- رقم الحدیث 748 طبع دار السلام)

جواب نمبر 1:

سنن ابی داؤد کے کئی نسخے ہیں جن میں سے پانچ بہت مشہور ہیں۔

1: نسخہ ابو علی اللؤلوی۔۔۔(مکتبہ امدادیہ پاکستان) یہ نسخہ امام ابو داؤد کی وفات والے سال کا ہے اور تمام نسخوں میں سے سب سے زیادہ صحیح ہے، جیسا کہ محشی سنن ابی داؤد نے تصریح کی ہے:

الامام الحافظ ابوعلی محمد بن احمد بن عمرو اللؤوی البصری روی عن ابی داؤد هذا السنن فی المحرم سنة خمس وسبعین وماتین وروایته من اصح الروایات لانها من آخر ما املی ابو داؤد وعلیها مات (حاشیہ ابی داؤد: ج1 ص2)

اس نسخہ میں یہ اعتراض موجود نہیں ہے۔

2: نسخہ ابن داستہ۔۔۔یہ نسخہ امام ابو سلیمان خطابی نے خود ابو بکر بن داسہ سے روایت کیا ہے اور اس کی شرح "معالم السنن" کے نام سے لکھی ہے جو کہ مطبوع ہے۔ یہ اعتراض اس نسخہ میں بھی موجود نہیں ہے۔

3: نسخہ ابو عیسی الرملی۔۔۔یہ نسخہ ابن داسہ کے نسخہ سے ملتا جلتا ہے جیسا کہ أبو المنذر خالد بن إبراهيم المصري نے تصریح کی ہے:

ورواية ابن داسة أكمل الروايات، ورواية الرملي تقاربها (مقدمۃ التحقیق شرح سنن ابی داؤد للعینی ج1 ص33)

جب نسخہ داسہ میں یہ اعتراض نہیں ہے تو نسخہ رملی میں بھی نہ ہو گا۔

4: نسخہ ابن الاعرابی۔۔۔یہ نسخہ نامکمل ہے، بہت سی کتب اس میں نہیں ہیں۔

قال أبو المنذر خالد بن إبراهيم المصري: رواية ابن الأعرابي يسقط منها كتاب الفتن والملاحم والحروف والخاتم ونحو النصف من كتاب اللباس وفاته أيضاً من كتاب الوضوء والصلاة والنكاح أوراق كثيرة. (مقدمۃ التحقیق شرح سنن ابی داؤد للعینی ج1 ص33)

5: نسخہ ابن العبد۔۔۔ان کا نام ابو الحسن ابن العبد الانصاری ہے۔ یہ بھی سنن کا ایک نسخہ روایت کرتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ج3 ص9)

مندرجہ بالا پانچ نسخوں میں سے یہ اعتراض صرف نسخہ ابن العبد میں ہے جیسا کہ امام مغلطائی نے تصریح کی ہے:

اعترض على هذا بما ذكره أبو داؤد في رواية ابن العبد قال: هذا حديث مختصر من حديثه، وليس بصحيح على هذا اللفظ. (شرح سنن ابن ماجہ للمغلطائی: ص1467)

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ یہ اعتراض امام ابو داؤد کو اول عمر میں تھا جسے آپ کے شاگرد ابن العبد نے نقل کیا ہے لیکن بعد میں آپ نے اس اعتراض سے رجوع فرما لیا۔ اس لیے باقی نسخوں خصوصا نسخہ ابو علی اللؤلوی میں (جو وفات والے سال کا نسخہ ہے) یہ اعتراض موجود نہیں ہے۔

جواب نمبر 2:

اگر اس جرح کو مان بھی کیا جائے تب بھی یہ مبہم ہے اور مبہم جرح قابل قبول نہیں (جیسا کہ حوالہ جات گزر چکے ہیں)

جواب نمبر 3:

امام ابو داؤد نے زیر بحث حدیث کو جس طویل حدیث کا اختصار قرار دیا ہے وہ جزء رفع الیدین للبخاری میں موجود ہے:

حدثنا الحسن بن الربيع، حدثنا ابن إدريس، عن عاصم بن كليب، عن عبد الرحمن بن الأسود، حدثنا علقمة أن عبد الله رضى الله عنه قال: «علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم الصلاة: فقام فكبر ورفع يديه، ثم ركع، فطبق يديه جعلهما بين ركبتيه فبلغ ذلك سعدا فقال: صدق أخي قد كنا نفعل ذلك في أول الإسلام ثم أمرنا بهذا». قال البخاري: «وهذا المحفوظ عند أهل النظر من حديث عبد الله بن مسعود (جزء رفع الیدین للبخاری ص292 رقم الحدیث 33)

اگر ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی زیر بحث حدیث کو اس طویل حدیث کا اختصار بھی قرار دیا جائے تو بھی یہ اعتراض وارد نہیں ہوتا، کیونکہ اگر اس مختصر حدیث میں جو الفاظ (لم یعد وغیرہ) ہیں وہ طویل حدیث میں نہیں تو یہ زیادت ثقہ ہے اور ثقہ کی زیادتی مقبول ہے [حوالہ جات گزر چکے ہیں]

محدث کبیر مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

لو سلم انه مختصر من هذا الحديث الطويل ففي المختصر زيادة لفظ ليس في الطويل و زيادة ثقة مقبولة عند اهل الحديث (بذل المجہود ج2 ص22 باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع)

پس یہ اعتراض درست نہیں اور حدیث صحیح ہے۔

فائدہ: سنن ابی داؤد کا نسخہ عرب ممالک میں پہلے دار الفکر بیروت بتحقیق عبد الحمید طبع ہوا تھا، اس میں بریکٹ لگا کر اس اعتراض کو لکھا گیا تھا لیکن اس کے بعد دار السلام کے غیر مقلدین نے بریکٹ کو ہٹا کر اسی اعتراض کو متن میں لگا دیا ہے۔

اعتراض نمبر 3:

غیر مقلدین خصوصا زبیر علی زئی کہتا ہے کہ حدیث ابن مسعود کی سند میں سفیان ثوری ہے جو کہ غضب کا مدلس ہے اور مدلس کا حکم یہ ہے کہ اس کی صرف وہی روایت قبول کی جائے گی جس میں وہ سماع کی تصریح کرے یا اس کی کوئی معتبر متابعت موجود ہو اور یہاں سماع کی تصریح نہیں ہے، نیز اس روایت میں یہ عاصم بن کلیب سے منفرد بھی ہے، کوئی معتبر متابعت نہیں ہے۔ لہذا یہ سند ضعیف ہے۔ (نور العینین: ص118 تا128)

جواب نمبر 1:

امام سفیان ثوری صحیح البخاری، صحیح مسلم اور سنن اربعہ کے ثقہ بالاجماع راوی ہیں اور عند الجمہور یہ طبقہ ثانیہ کے مدلس ہیں جیسا کہ ائمہ حضرات نے ان کو طبقہ ثانیہ میں ذکر کیا ہے۔ (جامع التحصیل فی احکام المراسیل لابی سعید العلائی ص113، طبقات المدلسین لابن حجر ص64، التعلیق الامین علی کتاب التبیین لاسماء المدلسین لابن العجمی ص92، جزء منظوم فی اسماء المدلسین لبدیع الدین غیر مقلد ص89)

اور طبقہ ثانیہ کی تدلیس عند المحدثین صحت حدیث کے منافی نہیں ہے۔ پس یہ حدیث صحیح ہے۔

جواب نمبر 2:

امام سفیان ثوری اس روایت میں متفرد نہیں بلکہ دیگر ثقات بالاجماع روات نے ان کی متابعت تامہ کر رکھی ہے، مثلاً۔۔۔

1: امام ابو بکر النہشلی (م ت س ق)

وَرَواهُ أَبُو بَكرٍ النَّهشَلِيُّ، عَن عاصِمِ بنِ كُلَيبٍ، عَن عَبدِ الرَّحمَنِ بنِ الأَسوَدِ، عَن أَبِيهِ، وعَلقَمَةَ، عَن عَبدِ اللهِ.

(کتاب العلل للدار قطنی ج5 ص172 سوال 804)

2: امام وکیع بن الجراح (ع)

حدثنا عبد الوارث بن سفيان قال حدثنا قاسم بن أصبغ قال حدثنا عبد الله بن أحمد بن حنبل قال حدثني أبي قال حدثنا وكيع عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الأسود عن علقمة قال قال ابن مسعود (التمہید لابن عبد البر ج4 ص189)

لہذا تفرد کا اعتراض باطل ہے، اور حدیث ابن مسعود صحیح ہے۔

دلیل نمبر 5:

روى الامام ابوبكر اسماعيلي قال حدثنا عبد الله بن صالح بن عبد الله أبو محمد صاحب البخاري صدوق ثبت قال: حدثنا إسحاق بن إبراهيم الْمَرْوَزِيُّ، حدثنا محمد بن جابر السُّحَيْمِيُّ، عن حماد، عن إبراهيم، عن علقمة، عن عبد الله، قال:

صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبي بكر وعمر ، فلم يرفعوا أيديهم إلا عند افتتاح الصلاة۔

اسناد صحيح ورواته ثقات۔

(کتاب المعجم لابی بکر الاسماعیلی ج2 ص693، 692 رقم154، مسند ابی یعلی ص922 رقم5037)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ اس کی سند میں ایک راوی محمد بن جابر ہیں، ان پر ائمہ نے جرح کی ہے۔ نیز آخر عمر میں ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا اور اختلاط کا شکار بھی تھے۔ ان کی کتابیں ضائع ہو گئیں تھیں اور یہ تلقین کو قبول کرنے لگے تھے۔ لہذا یہ روایت ضعیف ہے۔

جواب:

محمد بن جابر یمانی عند الجمہور ثقہ و صدوق ہیں، درج ذیل ائمہ نے ان کی توثیق و مدح فرمائی ہے:

امام عمرو بن علی الفلاس:

قال الفلاس: صدوق كثير الوهم (شرح سنن ابن ماجۃ للمغلطائی: ج1 ص435، الجرح والتعدیل ج7 ص219،)

امام ابو حاتم الرازی:

قال عبد الرحمن بن ابی حاتم الرازی: وسئل ابی عن محمد بن جابر وابن لهيعة فقال محلهما الصدق ومحمد بن جابر احب إلي من ابن لهيعة. (الجرح والتعدیل ج7 ص219، 220)

ابو زرعہ الرازی و امام ابو حاتم الرازی:

قال ابن ابی حاتم الرازی: وسمعت أبي وأبا زرعة يقولان من كتب عنه باليمامة وبمكة فهو صدوق (تہذیب التہذیب ج9 ص77)

امام نور الدین الہیثمی:

محمد بن جابر السحيمي وفيه كلام كثير وهو صدوق في نفسه صحيح الكتاب ولكنه ساء حفظه (مجمع الزوائد: ج2 ص479، ج3 ص349)

امام عبد اللہ بن عدی الجرجانی:

قال الامام أبو أحمد عبدالله بن عدى الجرجانى: وعند إسحاق بن أبي إسرائيل عن محمد بن جابر كتاب أحاديث صالحة وكان إسحاق يفضل محمد بن جابر على جماعة شيوخ هم أفضل منه وأوثق وقد روى عن محمد بن جابر كما ذكرت من الكبار أيوب وابن عون وهشام بن حسان والثورى وشعبة وابن عيينة وغيرهم ممن ذكرتهم ولولا أن محمد بن جابر فى ذلك المحل لم يرو عنه هؤلاء الذين هو دونهم وقد خالف فى أحاديث ومع ما تكلم فيه من تكلم يكتب حديثه (الکامل لابن عدی ج6 ص153)

امام ذہلی:

وقال الذهلى لا بأس به (تہذیب التہذیب ج9 ص75)

امام ابو الولید:

قال ابو الوليد: نحن نظلم محمد ابن جابر بامتناعنا من التحديث عنه. (تہذیب التہذیب ج9 ص78)

لہذا محمد بن جابر یمانی سے مروی روایت کم از کم حسن درجہ کی ہے۔ رہا اختلاط اور کتب کے ضائع ہونے کی وجہ سے تلقین قبول کرنے کا اعتراض تو ائمہ اصول ان جیسے روات کے متعلق ایک قاعدہ بیان کرتے ہیں :

امام نووی: وحكم المختلط أنه لا يُحتج بما روى عنه فى الاختلاط أو شك فى وقت تحمله، ويحتج بما روى عنه قبل الاختلاط

(تہذیب الاسماء واللغات للنووی ج1 ص242)

امام خطیب بغدادی: محمد بن خلاد الاسکندرانی کے تذکرہ میں ایک قاعدہ بیان کرتے ہیں:

كل من سمع منه قديما قبل ذهاب كتبه فحديثه صحيح ومن سمع منه بعد ذلك فليس حديثه بذاك (الکفایۃ: ص153)

اور امام ابوزرعہ اور امام ابو حاتم الرازی نے تصریح فرمائی ہے کہ محمد بن جابر سے جس نے یمامہ اور مکہ میں روایت لی ہے وہ اس وقت صدوق تھے۔

و قال عبد الرحمن بن ابی حاتم الرازی: وسمعت أبي وأبا زرعة يقولان من كتب عنه باليمامة وبمكة فهو صدوق

(تہذیب التہذیب ج9 ص77)

اور ہماری پیش کردہ روایت میں بھی امام اسحاق بن ابراہیم المروزی نے ان سے یمامہ میں روایت کی ہے جیسا کہ ائمہ نے تصریح کی ہے:

1: قال الامام محمد بن سعد فی ترجمة اسحاق بن ابراهيم المروزی : وكان رحل الى محمد بن جابر باليمامة فكتب كتبه ،وقدم البصرة من اليمامة بعد موت ابی عوانة بيومين او ثلاثة (طبقات ابن سعد: ج7 ج7 ص353)

2: قال أبو يعقوب إسحاق بن أبي إسرائيل لما انصرفت من اليمامة من عند هذا الشيخ يعني محمد بن جابر الخ (تاریخ بغداد ج5 ص357)

3: قال الامام أبو أحمد عبدالله بن عدی الجرجانی: وعند إسحاق بن أبي إسرائيل عن محمد بن جابر كتاب أحاديث صالحة وكان إسحاق يفضل محمد بن جابر على جماعة شيوخ هم أفضل منه وأوثق الخ (الکامل لابن عدی ج6 ص153)

اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ محمد بن جابر الیمامی سے اسحاق المروزی کا سماع قبل الاختلاط کا ہے اور انہوں نے سماع حدیث کتاب سے کی ہے۔ پس اعتراض باطل ہے۔

دلیل نمبر6:

روى الامام الاعظم ابوحنيفة رحمه الله يقول سمعت الشعبی يقول سمعت البراء بن عازب رضی الله عنه يقول كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا افتتح الصلوة رفع يديه حتى يحاذی منكبيه لا يعود برفعهما حتى يسلم من صلوته،

اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم

(مسند ابی حنیفۃ بروایۃ ابی نعیم ص344 رقم 225 وفی نسخۃ ص156 طبع الریاض)

دلیل نمبر7:

روى الامام أبو داؤد السجستانی :قال حدثنا محمد بن الصباح البزاز نا شريك عن يزيد بن ابی زياد عن عبدالرحمن بن ابی ليلیٰ عن البراء ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا افتتح الصلوة رفع يديه الى قريب من اذنيه ثم لا يعود.

اسنادہ صحیح علی شرط المسلم

(سنن ابی داؤد ج1 ص116 باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع، مسند ابی یعلیٰ ص400 رقم الحدیث 1690، 1691، 1692)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ اس حدیث میں یزید بن ابی زیاد کوفی راوی ضعیف ہے۔ کیونکہ اس کا آخری عمر میں حافظہ خراب ہو گیا تھا اور یہ تلقین کو قبول کرتا تھا۔ یہ حدیث تغیر حفظ کے بعد کی ہے نیز ثم "لا یعود" کا جملہ ان کے قدماء اصحاب نے بیان نہیں کیا ہے۔ پس یہ روایت ضعیف ہے۔

جواب:

امام یزید بن ابی زیاد کوفی صحیح البخاری تعلیقاً، صحیح مسلم اور سنن اربعہ کے راوی ہیں۔ ایک جماعت محدثین نے ثقہ، صدوق، عدل قرار دیا ہے مثلاً:

امام جریر بن عبد الولید: يزيد احسنهم استقامة فی الحديث (الجرح والتعدیل ج9 ص327)

امام أبو داؤد: لا أعلم أحدا ترك حديثه (سیر اعلام النبلاء ج5 ص381)

امام ترمذی: یزید بن ابی زیاد سے مروی کئی روایات کو "حسن صحیح" اور کئی جگہ "حسن" قرار دیا۔

(باب ماجاء فی المنی والمذی، باب ماجاء من الرخصة فی ذلک [ای الحجامة للصائم]، باب ماجاء فی مواقیت الإحرام لأهل الآفاق، باب مناقب العباس بن عبد المطلب)

امام احمد بن حنبل: قال کما قال جریر (الجرح والتعدیل ج9 ص327)

احمد بن صالح: یزید بن أبی زیاد ثقة لا یعجبنی قول من یتکلم فیه (تاریخ الثقات لابن شاہین ص256، معرفة الثقات للعجلی ج2 ص364)

امام سفیان الثوری: فهو علی العدالة والثقة وإن لم یکن مثل منصور والحکم والأعمش فهو مقبول القول ثقة.

(المعرفة والتاریخ للفسوی ج3 ص175)

امام الشیخ ابن دقیق العید: ویزید بن أبی زیاد معدود فی أهل الصدق، کوفی، یکنی أبا عبد الله (نصب الرایة ج1 ص477)

امام ابو الحسن: یزید بن أبی زیاد، جید الحدیث (نصب الرایة ج1 ص477)

امام الذهبی: [یزید بن أبی زیاد] الامام المحدث أبو عبد الله، الهاشمی (سیر اعلام النبلاء ج5 ص380)

مشہور غیر مقلد احمد محمد شاکر شرح ترمذی میں یزید کی کافی توثیق نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: والحق انه ثقة

پھر امام شعبہ سے توثیق نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وهذا نهایة التوثیق من شعبة وهو امام الجرح والتعدیل ... فقد اصاب الترمذی فی تصحیحه (شرح الترمذی ج1 ص195)

مزید آگے جا کر لکھتے ہیں:

فمدار الحدیث علی یزید ابن ابی زیاد وهو ثقة صحیح الحدیث وقد تکلمنا علیه تفصیلا فیما مضی (شرح الترمذی ج2 ص409)

لہذا عند الجمہور یزید ثقہ، صدوق، عادل ہے، رہا تغیر حفظ اور تلقین قبول کرنے کا اعتراض تو امام ابن حبان نے تصریح کی ہے:

وکان یزید صدوقا إلا أنه لما کبر ساء حفظه وتغیر، فکان یتلقن مالقن، فوقع المناکیر فی حدیثه ... فسماع من سمع منه قبل دخوله الکوفة فی أول عمره سماع صحیح (کتاب المجروحین لابن حبان ج3 ص100)

اس روایت میں آپ کے شاگرد شریک آپ سے "ثم لایعود" وغیرہ کا جملہ نقل کیا ہے اور یہی جملہ آپ کے کبار اصحاب نے بھی نقل کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ جملہ آپ نے تغیر حفظ سے پہلے نقل کیا ہے، مثلاً:

امام سفیان الثوری:

حدثنا أبو بکرة قال ثنا مؤمل قال ثنا سفیان قال ثنا یزید بن أبی زیاد عن بن أبی لیلی عن البراء بن عازب رضی الله عنه قال: کان النبی صلی الله علیه وسلم إذا کبر لافتتاح الصلاة رفع یدیه حتی یکون إبهاماه قریبا من شحمتی أذنیه ثم لا یعود.

(سنن الطحاوی ج1 ص162)

امام ہشیم بن بشیر:

حدثنا إسحاق حدثنا هشیم عن یزید بن أبی زیاد عن عبد الرحمن بن أبی لیلی عن البراء قال: رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم حین افتتح الصلاة کبر ورفع یدیه حتی کادتا تحاذیان أذنیه ثم لم یعد. (مسند ابی یعلی ص400 رقم الحدیث 1691)

امام ابن عیینہ:

عبد الرزاق عن بن عیینة عن یزید عن عبد الرحمن بن أبی لیلی عن البراء بن عازب مثله وزاد قال مرة واحدة ثم لا تعد لرفعها فی تلك الصلاة (مصنف عبد الرزاق ج2 ص45 رقم الحدیث 2534)

امام اسماعیل بن زکریا:

حدثنا یحیی بن محمد بن صاعدنا محمد بن سلیمان لوین ثنا إسماعیل بن زکریا ثنا یزید بن أبی زیاد عن عبد الرحمن بن أبی لیلی عن

البراء أنه : رأى رسول الله صلى الله عليه و سلم حين افتتح الصلاة رفع يديه حتى حاذى بهما أذنيه ثم لم يعد إلى شيء من ذلك حتى فرغ من صلاته (سنن الدار قطني ص196 رقم الحديث 1116)

امام ابن ادریس:

حدثنا إسحاق حدثنا ابن إدريس قال : سمعت يزيد بن أبي زياد عن ابن أبي ليلى عن البراء قال : رأيت رسول الله صلى الله عليه و سلم رفع يديه حين استقبل الصلاة حتى رأيت إبهاميه قريبا من أذنيه ثم لم يرفعهما (مسند ابی یعلی ص400 رقم الحدیث 1692)

اس ساری تفصیل سے معلوم ہوا کہ "ثم لا یعود" کا جملہ تغیر حفظ سے پہلے کا جسے آپ کے کبار اصحاب نے بھی ذکر کیا ہے، اسے تلقین کا نتیجہ قرار دینا غلط ہے، پس حدیث صحیح ہے۔

دلیل نمبر 8:

روی الامام أبو بكر عبدالله بن الزبير الحميدی: قال [حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قال] ثنا الزهری قال اخبرنی سالم بن عبدالله عن ابيه قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا افتتح الصلوة رفع يديه حذو منكبيه واذا اراد ان يركع وبعد ما يرفع راسه من الركوع فلا يرفع ولا بين السجدتين،

تحقيق السند: اسناده صحيح على شرط البخاری ومسلم

(مسند الحمیدی ج2 ص277 رقم 614 طبع بیروت، مسند ابی عوانہ ج1 ص334 باب بیان افتتاح الصلوۃ)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ یہ روایت اثبات رفع الیدین کی تھی مگر حنفیوں نے تحریف کر کے ترک رفع الیدین کی بنا دی۔ نسخہ ظاہریہ دمشقیہ میں اثبات ہی کی ہے۔ (نور العینین ص68 وص71 وغیرہ)

جواب اول:

یہ روایت "الحمیدی عن سفیان بن عیینہ" کے طریق سے مروی ہے۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں اس حدیث کو اس طریق سے تخریج نہیں کیا۔ اپنے "جزء رفع الیدین" میں امام حمیدی کے طریق سے موقوف روایت کو تو نقل کیا ہے لیکن مرفوع روایت کو تخریج نہیں کیا، حالانکہ امام بخاری کا ضابطہ ہے:

قال الحاكم كان البخاری اذا وجد الحديث عند الحميدی لا يعوده الى غيره۔

(تقریب التہذیب: ج1 ص288، تہذیب التہذیب: ج3 ص142، جزء رفع الیدین ص272 رقم 15)

اگر الحمیدی عن سفیان ابن عیینۃ کے طریق والی روایت اثبات رفع الیدین عند الرکوع کی ہوتی تو امام بخاری اس کو ضرور تخریج کرتے۔ ثابت ہوا کہ بالیقین یہ روایت ترک رفع الیدین ہی کی ہے۔ پس تحریف والا اعتراض باطل ہے۔

جواب نمبر 2:

تحریف والا اعتراض اس لیے بھی باطل ہے کہ امام ابو عوانہ نے بھی من طریق سفیان عند الرکوع ترک رفع کی حدیث بھی نقل کی ہے۔

(مسند ابی عوانہ ج1 ص334)

نیز امام محمد بن حارث القیروانی اور امام بیہقی نے حضرت ابن عمر ہی سے دیگر طرق سے ترک رفع الیدین عند الرکوع کی سنداً صحیح حدیثیں نقل کی ہیں۔ (اخبار الفقہاء ص214، مسند ابی عوانہ: ج1 ص334، خلافیات البیہقی بحوالہ شرح سنن ابن ماجہ للمغلطائی: ج5 ص1472)

دلیل نمبر9:

روی الإمام أبو عوانة یعقوب بن إسحاق الاسفرائنی: قال حدثنا عبداللہ بن ایوب الْمُخَرِّمِیُّ و سَعْدان بن نصر وشعیب بن عمر وفی آخَرِینَ قالوا حدثنا سفیان بن عیینة عن الزھری عن سالم عن ابیہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا افتتح الصلوۃ رفع یدیہ حتی یحاذی بھما وقال بعضھم حذو منکبیہ واذا اراد ان یرکع وبعدما یرفع راسہ من الرکوع لایرفعھما وقال بعضھم ولایرفع بین السجدتین،

اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم

(مسند ابی عوانۃ ج1 ص334 بیان رفع الیدین فی افتتاح الصلاۃ قبل التکبیر بحذاء منکبیہ وللرکوع ولرفع رأسہ من الرکوع وأنہ لایرفع بین السجدتین، رقم 1251، الخلافیات للبیھقی بحوالہ شرح سنن ابن ماجہ لمغلطائی ج5 ص1472 باب رفع الیدین اذا رکع واذا رفع راسہ من الرکوع)

وقال الامام ابو عبداللہ المغلطائی: حدیث لاباس بہ۔ (شرح سنن ابن ماجہ لمغلطائی ج5 ص1472)

دلیل نمبر10:

روی الامام الحافظ ابوعبداللہ محمد بن الحارث الخشنی القیروانی: قال حدثنی عثمان بن محمد قال قال لی عبیداللہ بن یحیی حدثنی عثمان بن سوادۃ ابن عباد عن حفص بن میسرۃ عن زید بن اسلم عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنھما قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمکۃ نرفع ایدیَنا فی بدء الصلوۃ وفی داخل الصلوۃ عندالرکوع فلما ھاجر النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی المدینۃ ترک رفع الیدین فی داخل الصلوۃ عندالرکوع وثبت علی رفع الیدین فی بدء الصلوۃ۔

اسنادہ صحیح ورواتہ ثقات۔

(اخبار الفقہاء والمحدثین للقیروانی: ص214 تحت رقم الترجمۃ 378 طبع بیروت)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ اس روایت کے راوی محمد بن حارث نے روایت ذکر کرنے سے پہلے تصریح کی ہے:

وھو من غرائب الحدیث واراہ من شواذھا (اخبار الفقہاء والمحدثین ص214)

یعنی یہ حدیث غریب بلکہ شاذ ہے۔ لہذا ضعیف وناقابل استدلال ہے۔

جواب اول:

غرابت وجہ ضعف نہیں ہے۔ ایسا ممکن ہے کہ حدیث غریب ہو اور صحیح بھی ہو۔ چنانچہ امام حاکم ایک حدیث کے متعلق فرماتے ہیں:

رواہ البخاری فی الجامع الصحیح ... وھو من غرائب الصحیح (معرفت علوم الحدیث: ص:94)

آگے لکھتے ہیں:

رواہ مسلم فی المسند الصحیح عن أبی بکر بن أبی شیبۃ وغیرہ عن سفیان وھو غریب صحیح (معرفت علوم الحدیث: ص95)

جواب ثانی:

غیر مقلدین اگر یہ کہیں کہ عثمان بن سوادہ (جس کا ترجمہ امام قیروانی لائے ہیں) غریب حدیث لاتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بخاری ومسلم کے بہت سے راوی غریب الحدیث ہیں: مثلاً

1: امام احمد بن صباح النھشلی .. ثقہ، حافظ، لہ غرائب۔ (تقریب ج1 ص16)

2: امام ابراھیم بن اسحاق البنانی .. صدوق، یَغْرُبُ (تقریب ص25 ج1)

3:امام اسباط بن نصر۔۔۔صدوق، کثیر الخطاء، یَغْرُبُ (تقریب ص40ج1)

4ابراھیم بن طھمان الخراسانی۔۔۔ثقه، یَغْرُبُ (تقریب ص29ج1)

5:حکام بن سلم۔۔۔ثقه، له غرائب (تقریب ص132ج1)

لہذا یہ اعتراض باطل ہے۔

جواب ثالث:

شاذ کی دو تعریفیں کی گئیں ہیں :

1: فأما الشاذ فإنه حديث يتفرد به ثقة من الثقات۔ (معرفت لعلوم الحدیث للحاکم ص119)

یعنی تفرد من الثقات کو شاذ کہا جاتا ہے لیکن یہ تعریف مرجوح ہے، راجح تعریف یہ ہے:

2: قال الشافعي ليس الشاذ من الحديث أن يروى الثقة ما لا يرويه غيره هذا ليس بشاذ إنما الشاذ أن يروى الثقة حديثا يخالف فيه الناس هذا الشاذ من الحديث (معرفت لعلوم الحدیث للحاکم ص119، مقدمۃ ابن الصلاح ص76 وغیرہ)

اسی کو حافظ ابن حجر نے راجح فرمایا ہے:

وهذا هو المعتمد في تعريف الشاذ بحسَبِ الاصطلاح (نزہۃ النظر ص213، الشرح للقاری ص336)

مخالفت ثقات والی تعریف جو کہ راجح ہے حدیث ابن عمر پر صادق نہیں آتی کیونکہ کسی ثقہ راوی نے ایسی کوئی صحیح حدیث بیان نہیں کی جس میں وفات تک کے الفاظ مروی ہوں۔ لہذا یہ حدیث تفرد من الثقات کے قبیل سے ہے جو جمہور ائمہ فقہاء و محدثین کے ہاں بالاتفاق مقبول ہے:

قال الجمهور من الفقهاء وأصحاب الحديث زيادة الثقة مقبولة إذا انفرد بها (الکفایہ ص365)

لہذا شاذ و غریب ہونے کی جرح مردود ہے اور یہ حدیث صحیح اور حجت ہے۔

دلیل نمبر 11:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَنَّهٗ كَانَ جَالِسًا مَعَ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه و سلم فَذَكَرْنَا صَلٰوةَ النَّبِيِّ صلى الله عليه و سلم فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدِ السَّاعِدِيُّ رضى الله عنهما اَنَا كُنْتُ اَحْفَظُكُمْ لِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه و سلم رَاَيْتُهٗ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ اَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهٗ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ اِسْتَوٰى حَتّٰى يَعُوْدَ كُلُّ فَقَارٍ مَّكَانَهٗ وَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَّلَا قَابِضَهُمَا الخ

(صحیح البخاری: ج1ص114، صحیح ابن خزیمۃ؛ ج1ص298)

اعتراض:

عدمِ ذکر سے نفی ذکر لازم نہیں آتا۔ محمد قاسم نانوتوی (بانی مدرسہ دیوبند) نے لکھا: "مذکور نہ ہونا معدوم ہونے کی دلیل نہیں۔" اور سنن ابی داؤد میں حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس میں رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد والے رفع یدین کا ذکر موجود ہے۔

جواب:

اولاً: ہمارا مؤقف یہ ہے کہ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جائے، اس کے علاوہ پوری نماز میں رفع یدین نہ کیا جائے۔ صحیح بخاری کی اس حدیث میں حضرت ابو حمید الساعدی رضی اللہ عنہ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کا ذکر کرتے ہیں، باقی مقامات کا ذکر نہیں کرتے۔ اس سے ہمارا مؤقف ثابت ہے۔ نیز حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ کا قول اس استدلال کے خلاف نہیں، اس لیے کہ اصول ہے:

السكوت في معرض البيان بيان (مرعاۃ المصابیح لعبید اللہ المبارکپوری ج3 ص385، روح المعانی ج18 ص7)

وہ مقام جہاں ایک شے کو بیان کرنا چاہیے، وہاں اس کے بیان کو چھوڑنے کا مطلب اس شے کا عدم بیان کرنا ہوتا ہے۔

حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ نماز کے اس نقشہ کو بیان فرمارہے ہیں جو دیکھنے سے نظر آتا ہے کمافی الحدیث "رایتہ" (میں نے انھیں دیکھا)۔ اگر رفع الیدین عند الرکوع وبعد الرکوع ہوتا تو ضرور بیان کرتے۔ معلوم ہوا کہ یہ رفع یدین نہیں ہوتا تھا۔

حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کا قاعدہ مطلق ہے اور ہمارا بیان کردہ اصول ایک قید "فی معرض البیان" کے ساتھ مقید ہے۔ دونوں میں کوئی تضاد نہیں۔

ثانیاً: ابو داؤد کی محولہ روایت کا تفصیلی جواب تو غیر مقلدین کی دلیل نمبر 5 کے تحت آئے گا۔ مختصراً عرض ہے کہ اس روایت میں ایک راوی عبد الحمید بن جعفر ہے جو کہ ضعیف، خطاکار اور قدری ہے۔ امام نسائی، امام ابو حاتم، امام سفیان ثوری، امام یحییٰ بن سعید القطان، امام یحییٰ بن معین، امام ابن حبان، امام ترمذی، امام طحاوی رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ نے اس پر جرح کی ہے۔ نیز یہ روایت منقطع بھی ہے کہ محمد بن عمرو بن عطاء کا سماع حضرت ابو قتادہ سے نہیں اور سنداً متناً بھی یہ روایت مضطرب ہے۔ لہذا یہ روایت ناقابلِ احتجاج ہے۔

دلیل نمبر 12:

روی الامام الحافظ المحدث مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری: حدثنا أبو بکر بن أبی شیبة وأبو کریب قالا حدثنا أبو معاویة عن الأعمش عن المسیب بن رافع عن تمیم بن طرفة عن جابر بن سمرة قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال مالی أراکم رافعی أیدیکم کأنها أذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلاة

(صحیح مسلم ج1 ص181 باب الامر بالسکون فی الصلوۃ، السنن الکبری للبیہقی ج2 ص280 جماع ابواب الخشوع فی الصلوۃ والاقبال علیہا، صحیح ابن حبان ص584 رقم 1878 باب ذکر مایستحب للمصلی رفع الیدین، سنن ابی داؤد ج1 ص150 باب فی السلام، سنن النسائی ج1 ص176 باب السلام بالایدی فی الصلوۃ)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں حدیث جابر بن سمرہ میں اشارہ عند السلام فی التشہد سے منع کیا گیا ہے، ترک رفع الیدین سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اسی لیے علماء نے اسے باب السلام میں ذکر کیا ہے نہ کہ باب رفع الیدین میں۔ نیز علماء دیوبند سے پہلے کسی نے بھی اس حدیث سے نفی اور منع رفع یدین پر استدلال نہیں کیا۔

جواب شق 1:

اس حدیث کا ترک رفع الیدین سے تعلق ہے، کیونکہ اس میں "اسکنوا فی الصلاۃ" کے الفاظ ہیں اور علامہ بدر الدین عینی اور امام زیلعی نے اس حدیث کے متعلق تصریح کی ہے: انما یقال ذلك لمن یرفع یدیه فی اثناء الصلوۃ وهو حالة الرکوع او السجود ونحو ذلك

(شرح سنن ابی داؤد للعینی ج3 ص297، نصب الرایہ ج1 ص472)

لہذا اس کا تعلق منع رفع یدین کے ساتھ ہے نہ کہ تشہد کے ساتھ۔

جواب شق 2:

علماء نے اس حدیث کو رفع یدین یا ترک رفع یدین کے باب میں بھی ذکر فرمایا ہے، مثلاً۔۔

1: علامہ زمخشری نے اس حدیث کو "باب لا ترفع الایدی فی الصلوۃ الا عند افتتاح الصلوۃ" میں ذکر کیا ہے۔

(رؤوس المسائل الخلافیہ بین الحنفیۃ والشافعیۃ ج1 ص156)

3: امام ابو محمد علی بن زکریا المنبجی نے اس حدیث کو "باب لا ترفع الایدی عند الرکوع ولا بعد الرفع منه" میں ذکر کیا ہے۔

(اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب ج1 ص256)

4: امام ابو الحسن القدوری اس حدیث کو "باب لا ترفع الیدین فی تکبیر الرکوع" میں لائے ہیں۔ (التجرید للقدوری ج2 ص519)

جواب شق 3:

علماء وفقہاء نے اس حدیث سے نفی اور منع رفع یدین پر استدلال کیا ہے۔ مثلاً:

1: قال الامام النووی: وقال أبو حنيفة والثوری وابن ابی لیلی وسائر اصحاب الرأی لا یعرف یدیه فی الصلاة الا لتکبیرة الاحرام وهی روایة عن مالك واحتج لهم بحدیث البراء بن عازب رضی الله تعالی عنهما ... وعن جابر بن سمرة رضی الله عنه قال "قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مالی اراکم رافعی ایدیکم

(المجموع شرح المہذب ج3 ص400 فصل فی مسائل مہمة تتعلق بقراءة الفاتحة)

2: قال الامام ابن عبد البر: وقد احتج بعض المتأخرین للکوفیین ومن ذهب مذهبهم فی رفع الیدین بما حدثنا ... عن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مالی أراکم (التمہید لابن عبد البر ج4 ص194)

3: امام ابو الحسن القدوری: (التجرید للقدوری ج2 ص519 باب لاترفع الیدین فی تکبیر الرکوع)

4: علامہ زمخشری: (روس المسائل الخلافیہ بین الحنفیۃ والشافعیۃ ج1 ص156 باب لاترفع الایدی فی الصلوۃ الا عند افتتاح الصلوۃ)

5: امام ابو محمد علی بن زکریا المنبجی: (اللباب فی الجمع بین السنۃ والکتاب ج1 ص256 باب لاترفع الایدی عند الرکوع ولا بعد الرفع منہ)

6: علامہ زیلعی۔ (نصب الرایہ ج1 ص472)

7: علامہ عینی۔ (شرح سنن ابی داود ج3 ص29)

8: ملا علی قاری۔ (فتح باب العنایہ ج1 ص258)

دلیل نمبر 13:

روی الامام الحافظ المحدث أبو جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الطحاوی: قال حدثنا ابن ابی داؤد قال حدثنا نعیم بن حماد قال ثنا الفضل بن موسی قال ثنا ابن ابی لیلی عن نافع عن ابن عمر وعن الحکم عن مقسم عن ابن عباس رضی الله عنهما عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ترفع الایدی فی سبع مواطن فی افتتاح الصلوة وعند البیت وعلی الصفا والمروة وبعرفات وبمزدلفة عند الجمرتین۔

وبه قال حدثنا فهد ثنا الحمانی قال المحاربی عن ابن ابی لیلی عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله۔

(سنن الطحاوی ج1 ص416 باب رفع الیدین عند رؤیۃ البیت، المعجم الکبیر للطبرانی ج5 ص428 رقم الحدیث 11904، صحیح ابن خزیمۃ ج4 ص209 رقم 2703 باب کراہیۃ رفع الیدین عند رؤیۃ البیت)

اعتراض:

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ ابن عباس اور ابن عمر کی سند میں قاضی ابن ابی لیلی ہے، اور یہ ضعیف ہے۔

جواب:

امام ابن ابی لیلی کی جمہور ائمہ نے تعدیل وتوثیق کی ہے، مثلاً

1: امام احمد بن یونس [شیخ البخاری]: **كان أفقه أهل الدنيا.** (میزان الاعتدال ج4 ص175، تذکرۃ الحفاظ ج1 ص129)

2: امام زائدۃ: **كان أفقه أهل الدنيا.** (سیر اعلام النبلاء ج6 ص311)

3: امام أحمد بن عبد اللہ العجلی: کان فقیھا صدوقا، صاحب سنۃ، جائز الحدیث، قارئا عالما، قرأ علیہ حمزۃ الزیات

(میزان الاعتدال ج4ص175، تہذیب التہذیب)

4: امام ابو یوسف القاضی: ما ولی القضاء أحد أفقه فی دین الله، ولا أقرأ لکتاب الله، ولا أقول حقا بالله، ولا أعف عن الاموال - من ابن أبی لیلی. (میزان الاعتدال ج4ص176)

5: امام ابو حاتم الرازی: محله الصدق کان سیئ الحفظ (الجرح والتعدیل ج7ص322)

6: امام ابو زرعہ الرازی: ھو صالح لیس باقوی ما یکون (الجرح والتعدیل ج7ص322)

7: امام عطاء بن ابی رباح: قال ابن أبی لیلی: دخلت علی عطاء، فجعل یسألنی، فکأن أصحابه أنکروا علیه ذلك، وقالوا: تسأله؟ قال: وما تنکرون؟ ھو أعلم منی. (میزان الاعتدال ج4ص176)

8: حافظ ابن حجر: له ذکر فی الاحکام من صحیح البخاری قال أول من سأل علی کتاب القاضی البینة ابن أبی لیلی وسوار.

(تہذیب التہذیب ج5ص706)

9: امام سفیان الثوری: فقھاؤنا ابن أبی لیلی وابن شبرمة (تہذیب التہذیب ج5ص707)

10: امام ترمذی: کئی مقامات پر اس کی حدیث کو حسن صحیح فرمایا ہے۔

(باب ماجاء في الرجل یقرأ القرآن علی کل حال مالم یکن جنبا، باب ماجاء متی تقطع التلبیة في العمرة، باب ماجاء في کراھیة الشرب في آنیة الذھب والفضة وغیرہ)

11: امام ذہبی: حدیثه فی وزن الحسن (تذکرۃ الحفاظ ج1ص128)

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ امام ابن ابی لیلی عند الجمہور فقیہ، ثقہ، صدوق اور عادل ہے۔ چونکہ ان پر کچھ جرح بھی ہے (کما مر) اس لیے اصولاً یہ حسن الحدیث درجے کا راوی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام ذہبی نے تصریح کی ہے کہ امام ابن ابی لیلی حسن الحدیث ہیں اور جب دیگر احادیث اس کی روایت کی متابعت کریں تو یہ درجہ صحیح کو پہنچ جائے گی۔ یہی بات علامہ شاکر غیر مقلد نے لکھی ہے:

و مثل ھذا [ابن ابی لیلی] لا یَقِلُّ حدیثُه عن درجة الحسن المحتج به و اذا تابعه غیرہ کان الحدیث صحیحا

(شرح جامع الترمذی لاحمد محمد شاکر غیر مقلد بحوالہ نور الصباح ج1ص166، 167)

لہذا یہ اعتراض باطل ہے اور حدیث حسن درجہ کی ہے اور حجت ہے۔

احادیث موقوفہ

خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اور ترک رفع یدین:

دلیل نمبر 1:

روی الامام الحافظ المحدث ابویعلی أحمد بن علی بن المثنی الموصلی التمیمی: قال حدثنا اسحاق بن ابی اسرائیل حدثنا محمد بن جابر عن حماد عن ابراھیم عن علقمه عن عبداللہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وابی بکر وعمر فلم یرفعوا ایدیھم الا عند افتتاح الصلوۃ وقد قال محمد فلم یرفعوا ایدیھم بعد التکبیرۃ الاولی،

تحقیق السند: اسنادہ حسن و رواته ثقات

(مسند ابی یعلی ص922 رقم الحدیث 5036، کتاب المعجم لابی بکر اسماعیلی ج2ص693، 692 رقم 154، الکامل لابن عدی ج7ص337 رقم الترجمۃ 1646)

ملحوظہ: اس روایت کے ایک راوی محمد بن جابر پر غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں۔ اس کا جواب احادیث مرفوعہ دلیل نمبر 5 کے تحت گزر چکا ہے۔

دلیل نمبر2:

روی الامام الحافظ الفقیہ ابوعبداللہ محمد بن حسن الشیبانی: قال اخبرنا ابوبکر بن عبداللہ النھشلی عن عاصم بن کلیب الجرمی عن ابیہ وکان من اصحاب علی ان علی بن ابی طالب کرم اللہ وجھہ کان یرفع یدیہ فی التکبیرۃ الاولیٰ التی یفتتح بھا الصلوۃ ثم لایرفعھما فی شیئ من الصلوۃ

تحقیق السند: اسنادہ صحیح و رواتہ ثقات۔

(موطاامام محمد ص94 باب افتتاح الصلوۃ، کتاب الحجۃ: ج1 ص76 باب افتتاح الصلوۃ وترک الجہر، المدونۃ الکبری ج1 ص166 باب فی رفع الیدین فی الرکوع والاحرام)

اعتراض :

غیر مقلدین کہتے ہیں کہ یہ روایت منکر ہے، کیونکہ امام بخاری نے عبد الرحمن بن مہدی کا قول نقل فرمایا ہے:

قال عبد الرحمن بن مھدی ذکرت للثوری حدیث النھشلی عن عاصم بن کلیب فانکرہ (جزء رفع الیدین ص267)

نیز ابو بکر النہشلی ضعیف راوی ہے۔

جواب نمبر1:

امام بخاری نے امام سفیان ثوری سے اس جرح کی سند متصل بیان نہیں کی، لہذا اس جرح کی سند منقطع ہونے کی وجہ سے یہ جرح ناقابل قبول ہے۔ مزید یہ کہ امام عبد الرحمن بن مہدی سے امام بخاری کی ملاقات ثابت نہیں۔ کیونکہ امام بخاری کی پیدائش سن 194ھ میں بخارا میں ہوئی اور امام عبد الرحمن بن مہدی کی وفات سن 198ھ میں بصرہ میں ہوئی۔

جواب نمبر2:

اس حدیث کا مدار امام ابو بکر النہشلی کوفی پر ہے جو عند الجمہور ثقہ، صالح، حافظ، صدوق، ثبت، حسن الحدیث ہیں۔ آپ صحیح مسلم کے راوی ہیں۔

(تہذیب التہذیب ج6 ص315، تاریخ الثقات للعجلی ص493، المعرفت والتاریخ ج3 ص237، صحیح مسلم ج1 ص213، الجرح والتعدیل ج9 ص407)

لہذا حدیث علی صحیح اور حجت ہے۔

جواب نمبر3:

امام سفیان ثوری کوفی م 161ھ خود ترک رفع الیدین پر عامل ہیں۔ (فقہ سفیان ثوری ص560، عمدۃ القاری ج4 ص380)

اور ترک کی روایت عاصم بن کلیب سے نقل کرتے ہیں۔ (سنن النسائی ج1 ص162، 161 باب الرخصۃ فی ترک ذلک)

